# 5372 ـ بیوی سے خوش طبعی کرتے وقت خاوند عجیب وغریب تشبیہات دیتا ہے

**سوال**

میں اورخاوند ایک دوسرے سے بہت زیادہ محبت کرتے ہیں ، وہ مجھے عجیب وغریب سی باتیں کہتا ہے مثلا ( تیرا لعاب جنت کا پانی ہے ) وغیرہ ، مجھے یہ علم ہے کہ وہ مجھے راضی کرنے کے لیے ایسی باتیں کرتا ہے اوراسے حقیقی معنی میں نہیں لیتا ۔
بالآخر وہ ایسی باتیں کرنے سے رک گیا کیونکہ اسے خدشہ ہوا کہ کہیں ایسا کرنا حرام نہ ہو ، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مجھے ذرا یہ بتائیں کہ ایسی باتیں کرنا حرام تونہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

خاوندکے لیے ایسے موہم سے الفاظ سے اجتناب کرنا ضروری ہے ، کیونکہ دنیا میں کوئي بھی ایسی چیز نہیں جوجنت میں پائي جانے والی اشیاء کے مشابہ ہویا پھر اس کے قریب بھی ہو ۔

اورپھر خاوند نے جنت کے پانی کا تجربہ تو نہیں کیا اورنہ ہی اس کا ذائقہ ہی چکھا ہے ، کلام اوربات چیت میں بہت ساری اچھی اورمباح عبارتیں ایسی ہیں جواس جیسی عبارت سے مستغنی کرنے والی ہیں وہ استعمال کریں ۔

واللہ اعلم .